صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ اردو محل حیدرآباد دکن۔

یہ کتاب اگرچہ ابتدائی ہے لیکن اس میں سیاسیات کے مبادی سے متعلق اصولی مباحث مثلاً مملکت کی ماہیت۔ مملکت کا آغاز وارتقا اس سلسلہ میں مملکت سے متعلق مختلف نظریے اور افکار قانون کی تعریف اور اس کے ماخذ۔ مملکت کی تنظیم۔ حکومت کی قسمیں اور مملکت کا مقصد۔ یورپ اور ایشیا کے مختلف دستوری نظام اور ان کے عمل کے یہ سب اختصار مگر جامعیت کے ساتھ سہل اور عام فہم زبان میں بیان ہوگئے ہیں اردو زبان میں سیاسیات کا مطالعہ کرنے والوں کے لئے یہ کتاب بڑی مفید ہوگی۔

تعمیر | تقطیع متوسط اخباری۔ ضخامت دس صفحے کتابت وطباعت بہتر قیمت سالانہ چھ روپیہ فی پرچہ ۴؍ پتہ۔ ادارۂ تعلیمات اسلامی نمبر ۴۸ امین آباد پارک لکھنؤ۔

یہ پندرہ روزہ اخبار ندوۃ العلماء لکھنؤ کے دو اساتذہ مولانا سید ابوالحسن علی اور مولانا عبدالسلام قدوائی کی زیرادارت چند ماہ سے نکلنا شروع ہوا ہے۔ اخبار کا مقصد مسلمانوں کو مسلمان بنانا اور اسلام کی تعلیمات سے ان کو آشنا کرنا ہے اب تک اس میں جو مضامین شائع ہوئے ہیں اگرچہ وہ استدلالی سے زیادہ خطابی اور اقناعی طرز کے ہیں سب اسی مقصد کو سامنے رکھ کر لکھے گئے ہیں۔ موجودہ حالات میں جبکہ اسلام سے بہت دور جا پڑنے کے باعث مسلمان حد سے زیادہ خوف زدہ بزدل اور کمزور ہوگئے ہیں اور خدا سے اپنا رشتہ استوار کرنے کے بجائے دوسری طاقتوں کا سہارا لینے کے خوگر ہوگئے ہیں انھیں اس اخبار کا مطالعہ ضرور کرنا چاہئے ۔ دینی اور اصلاحی مضامین کے علاوہ ہر نمبر میں صالح ادبیات کا عنصر بھی شریک ہوتا ہے جس سے ذوق کی شگفتگی اور ترو تازگی کا سامان بہم پہنچتا رہے۔